

تقریبِ رونمائی
LUMS | Gurmani Centre for Languages and Literature
جب تک ہے زمین
(افسانے)
ناصر عباس نیّر
ناصر عباس نیر
فرشتہ نہیں آیا (افسانے)
خاک کی مہک (افسانے)
شرکائے گفتگو:
محمد حمید شاہد
پروفیسر سرور الہدیٰ (دہلی، انڈیا/آن لائن)
پروفیسر ناصر عباس نیّر
نظامت:
شائستہ حسن
FRIDAY
January 31, 2025
4:00 PM to 6:00 PM
A-11, Academic Block, LUMS
Scan to Join
www.gcll.lums.edu.pk
gurmanicentre
@gurmani.centre
@GurmaniCentre
gcll.lums

گرمانی مرکزِ زبان و ادب، لمز کی جانب سے آپ کو اردو کے ممتاز نقاد اور افسانہ نگار ناصر عباس نیّر کے پانچویں افسانوی مجموعے جب تک ہے زمین کی تقریبِ رونمائی میں شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔ یہ مجموعہ گیارہ افسانوں اور سات خواب کہانیوں پر مشتمل ہے، جو نہ صرف موضوعات اور اسلوب کی حیرت انگیز تنوع کو ظاہر کرتا ہے، بلکہ اس میں شامل کرداروں کی نفسیاتی پیچیدگیاں، الجھنیں، خدشات، اور وسوسے انسانی تجربے کی بدلتی ہوئی کیفیات کو بھی گہرائی سے پیش کرتے ہیں۔

مصنف کا تعارف: ڈاکٹر ناصر عباس نیّر اردو کے ممتاز نقاد اور افسانہ نگار ہیں۔ وہ اردو میں مابعد نو آبادیاتی مطالعات کے بنیاد گزار ہیں۔ ان کی تنقیدی کتب میں جدید اور مابعد جدید تنقید، لسانیات اور تنقید، متن سیاق اور تناظر، مجید امجد حیات، شعریات اور جمالیات، مابعد نو آبادیات: اردو کے تناظر میں، ثقافتی شناخت اور استعماری اجارہ داری، اردو ادب کی تشکیل جدید (دو مرتبہ ایوارڈ یافتہ)، اس کو اک شخص سمجھنا تو مناسب ہی نہیں (ایوارڈ یافتہ) نظم کیسے پڑھیں، جدیدیت اور نو آبادیات، نئے نقاد کے نام خطوط اور دیگر کتب شامل ہیں۔ وہ پانچ افسانوی مجموعوں کے خالق ہیں جو یکجا صورت میں بھی شائع ہو چکے ہیں۔ وہ اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی لاہور میں اردو کے پروفیسر اور اردو سائنس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل کے عہدے پر فائز رہے ہیں۔ آج کل گرمانی مرکز زبان و ادب لمز سے صدر شعبۂ اشاعت کے طور پر وابستہ ہیں۔ اردو کا معتبر تحقیقی مجلّہ بنیاد ان کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔

کتاب پر گفتگو کے لیے معروف ادبی شخصیات محمد حمید شاہد اور انڈیا سے پروفیسر سرور الہدیٰ آن لائن شریک ہوں گے۔ آپ سب کو شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔

تفصیلات:

- **تاریخ:** جمعہ، ۳۱ جنوری ۲۰۲۵ء
- **وقت:** شام ۴ بجے سے ۶ بجے
- **مقام: اے۔۱۱، اکیڈیمک بلاک، لمز۔**
- **رجسٹریشن لنک:** https://forms.gle/WSiLvkyt1Nm2udeP8

نیک تمناؤں کے ساتھ،

ٹیم، گرمانی مرکزِ زبان و ادب